کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں مون سون بارشوں کا نیا اسپیل 18 اگست کو داخل ہوگا، کوئٹہ محکمہ موسمیات نے بلوچستان میں مون سون بارشوں کے نئے اسپیل ......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کی پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سلسلہ 18 اگست سے شروع ہو کر 22 اگست تک جاری رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ، بارکھان، موسیٰ خیل، ہرنائی اور سبی میں شدید بارشیں متوقع ہیں، جبکہ ژوب، شیرانی، قلعہ سیف اللہ، خضدار اور بچھی میں طوفانی بارش کا بھی امکان ہے۔ جبکہ لسبیلہ، حب، آواران، کیچ، گوادر اور پنجگور میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان نے متعلقہ اضلاع کی انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری بارشوں کے دوران خستہ حال مکانات میں رہائش اختیار نہ کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز اور پکنک پوائنٹس پر جانے سے اجتناب برتیں۔

# شہر میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے رکاوٹیں دور کی جائیں، کمشنر کوئٹہ

نئی یونین کونسلز میں روزانہ پیدا کچرے کی مقدار کا تعین کرنے کیلئے تحقیقی عمل شروع کیا جائے تاکہ اس کے مطابق اقدامات اٹھائے جاسکیں، شاہزیب خان کاکڑ

محکمہ لائیو سٹاک و جنگلات کی اراضیوں کی تفصیلات جلد پیش کریں تاکہ انڈر سیٹلمنٹ و سیٹلمنٹ کے مسائل حل کئے جاسکیں، زیر صدارت اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویژن میں محکمہ لائیو اسٹاک اور جنگلات کی اراضی کی تفصیلات اور الاٹمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، ڈائریکٹر آئی ٹی محب آغا کے علاوہ ڈپٹی کمشنر چمن، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اور ڈپٹی کمشنر پشین نے آن لائن شرکت کی اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن میں محکمہ جنگلات اور لائیو اسٹاک کی اراضی، الاٹمنٹ، سیٹلمنٹ اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر انڈر سیٹلمنٹ اور سیٹلمنٹ اراضیوں سے متعلق مسائل پر بھی غور کیا گیا اور ان کے حل کے لئے اقدامات تجویز کیے گئے اس موقع پر ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے محکمہ لائیو اسٹاک اور جنگلات کی اراضی کی الاٹمنٹ سمیت تمام تفصیلات سے آگاہ کیا گیا کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے ہدایت کی کہ دونوں محکموں کی اراضی کی مکمل اور تازہ تفصیلات جلد از جلد پیش کریں تاکہ انڈر سیٹلمنٹ اور سیٹلمنٹ اراضیوں کے مسائل حل کیے جاسکیں انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ جنگلات اور لائیو اسٹاک کی اراضی کے فوری تصفیے اور انتقال کا عمل شروع کیا جائے تاکہ واضح ہو سکے کہ کوئٹہ ڈویژن میں ان محکموں میں کتنی اراضی الاٹ ہو چکی ہے یا قابضین کے زیر استعمال ہے اس حوالے سے تفصیلی رپورٹ اگلے اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت بھی کی گئی دریں اثناء کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت صفاء کوئٹہ پراجیکٹ کے مالیاتی امور، شہر میں صفائی کی صورتحال اور یونین کونسلز کی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، چیف میٹروپولیٹن کارپوریشن عطاء اللہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن کلیم اللہ کے علاوہ صفاء کوئٹہ، محکمہ خزانہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں صفاء کوئٹہ کی جانب سے شہر میں صفائی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات اور ڈور ٹو ڈور کلیکشن، مشینری کی دستیابی، روزانہ کی بنیاد پر پیدا ہونے والے کچرے اور لینڈ فل مینجمنٹ کے مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ پراجیکٹ نے اس سال دو لاکھ بیس ہزار ٹن سے زائد کوڑا کرکٹ اٹھایا ہے جبکہ روزانہ تقریباً 900 ٹن کچرا ٹھکانے لگایا جارہا ہے کمشنر کوئٹہ نے ہدایت دی کہ شہر میں صفائی کی صورتحال مزید بہتر بنانے کیلئے تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے مشینری کو مکمل فعال اور لینڈ فل مینجمنٹ کے مسائل فوری حل کئے جائیں انہوں نے مزید کہا کہ نئی یونین کونسلز میں روزانہ پیدا ہونے والے کچرے کی مقدار کا تعین کرنے کیلئے تحقیقی عمل شروع کیا جائے تاکہ اس کے مطابق خصوصی اقدامات اٹھائے جاسکیں اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ مرکزی انجمن تاجران اور مختلف ہاؤسنگ اسکیموں نے ڈور ٹو ڈور کلیکشن سروس کے آغاز میں دلچسپی ظاہر کی ہے، لہٰذا صفاء کوئٹہ پروجیکٹ جلد از جلد اس نظام کو عملی جامہ پہنائے تاکہ مالیاتی مسائل بھی حل ہوں اور شہر کی صفائی میں بہتری آئے کمشنر نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شہر کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں، کوڑا کرکٹ گلی محلوں میں پھینکنے کے بجائے مخصوص جگہوں اور کوڑا دان میں ڈالیں تاکہ اسے درست طریقے سے ٹھکانے لگایا جاسکے ان کا کہنا تھا کہ یہ شہر ہم سب کا ہے، اس کی خوبصورتی اور بہتری کے لئے ہم سب کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 AUG 2025 Page No.


# کوئٹہ اور تربت میں گرین بسوں کیلئے چین کی کمپنی کو 81 کروڑ روپے کی ادائیگی

**بسوں کی شپمنٹ 15 روز میں پہنچنے کا امکان، کوئٹہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلائی جائینگی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت کے اعلان کے باوجود کوئٹہ اور تربت کے شہریوں کو گرین اور پنک بسیں نہ مل سکیں، بلوچستان حکومت کا دعویٰ ہے کہ ایک ماہ بعد چین سے خریدی گئی 21 گرین اور پنک بسیں کوئٹہ کی سڑکوں پر رواں دواں ہو جائیں گی۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ کے مطابق بتایا کہ کوئٹہ اور تربت کیلئے 21 نئی بسوں فراہمی کیلئے اوپن ٹینڈر کرکے جو چین کی ایک کمپنی نے حاصل کئے ہیں، صوبائی حکومت نے چینی کمپنی کو 81 کروڑ روپے کی ادائیگی کردی ہے بسوں کی شپمنٹ چین سے روانہ کی جارہی ہے جس کے اگلے پندرہ روز میں کوئٹہ پہنچنے کے امکانات ہیں سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان نے بتایا کہ خریدی گئیں 21 بسوں میں سے چار تربت میں جبکہ 17 کوئٹہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلائی جائیں گی، جن میں سے چار پنک بسیں خواتین کیلئے ہوں گی۔ کوئٹہ میں پہلے ہی آٹھ گرین بسیں بلوچستان یونیورسٹی سے بلیلی تک چلائی جارہی ہیں۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ نے بتایا کہ کوئٹہ میں بروری، نواں کلی، ہزار گنجی اور دیگر روٹس پر گرین بسیں چلانے کیلئے سمری صوبائی حکومت کو بھجوائی ہوئی ہے۔

# ویسٹ آئل ری سائیکلنگ پلانٹ کا قیام انقلابی قدم ہوگا، بلال کاکڑ

**جدید ٹیکنالوجی منتقل اور ہنرمند افراد کیلئے روزگار کے دروازے کھلیں گے، جرمن کمپنی کے حکام سے گفتگو**

کوئٹہ (ج ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کے ساتھ ایک جرمن کمپنی نے ویسٹ آئل ری سائیکلنگ پلانٹ کے قیام کے حوالے سے اہم ورچوئل اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پروموشنز عبدالمنان بھی موجود تھے، میٹنگ میں حب اسپیشل اکنامک زون میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کا انعقاد جرمنی سے تعلق رکھنے والے رانا کاشف کی خصوصی معاونت سے ہوا، جس میں منصوبے کی سرمایہ کاری، تکنیکی پہلوؤں اور خطے میں صنعتی ترقی کے امکانات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے جرمن سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی گئی کہ منصوبے کی کامیاب تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے جرمن سرمایہ کاروں کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی تاکہ وہ لسبیلہ انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اتھارٹی (LIEDA) کا معائنہ کرسکیں اور منصوبے کے نفاذ کے لیے روڈ میپ کو حتمی شکل دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ویسٹ آئل ری سائیکلنگ پلانٹ کا قیام نہ صرف ماحولیات کے تحفظ میں انقلابی قدم ہوگا بلکہ جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مقامی ہنرمند افرادی قوت کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے گا۔

# بلوچستان کے مختلف شہروں میں منشیات کے اسمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن

**خاتون سمیت 10 ملزمان گرفتار کرکے 2 کروڑ 46 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات قبضے میں لے لی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے بلوچستان سمیت ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے خاتون سمیت 10 ملزمان گرفتار کرکے 2 کروڑ 46 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات قبضے میں لے لیں اے این ایف ذرائع کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے پشین علاقے خانوزئی بازار میں دوران چیکنگ گاڑی سے 45.200 کلو افیون برآمد ہونے پر ڈرائیور کو گرفتار کرلیا جبکہ موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد پر موٹرسائیکل سوار سے 1 کلو ہیروئن برآمد ملزم گرفتار پونچھ ڈسٹرکٹ راولاکوٹ میں موٹرسائیکل سوار سے 250 گرام آئس اور 6 گرام کوکین برآمد ملزم گرفتار گولڑہ موڑ اسلام آباد میں موٹرسائیکل سوار سے 1200 گرام چرس اور 5 گرام کوکین برآمد ملزم گرفتار مندرہ راولپنڈی میں 2 موٹرسائیکل سواروں سے 1200 گرام چرس برآمد ملزمان گرفتار گرفتار ملزمان کا تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف دیگر کاروائیاں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بحرین جانے والی خاتون کے سامان میں خفیہ طور پر چھپائی گئی 192 گرام آئس برآمد علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بحرین جانے والے مسافر کے پیٹ سے 378 گرام آئس بھرے کیپسول برآمد ملزم گرفتار علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے کارگو شیڈ میں برطانیہ بھیجے جانیوالے پارسل سے 22 گرام ہیروئن برآمد سوہاوہ میں موجود کوریئر آفس سے برطانیہ بھیجے جانیوالے پارسل میں کپڑوں میں جذب شدہ 5.550 کلو آئس برآمد ملزم گرفتار دیپالپور روڈ قصور کے قریب ٹرک سے 9 کلو ہیروئن برآمد۔ 2 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 AUG 2025

Page No.

## محکمہ جنگلات اور لائیواسٹاک کی اراضی کے فوری تصفیہ کی ہدایت

### شہر میں صفائی کی صورتحال مزید بہتر بنانے کیلئے تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے، کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویژن میں محکمہ لائیواسٹاک اور جنگلات کی اراضی کی تفصیلات اور الاٹمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، ڈائریکٹر آئی ٹی محب آغا کے علاوہ ڈپٹی کمشنر چمن، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ اور ڈپٹی کمشنر پشین نے آن لائن شرکت

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

کی۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن میں محکمہ جنگلات اور لائیواسٹاک کی اراضی، الاٹمنٹ، اسٹلمنٹ اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر انڈر سیٹلمنٹ اور سیٹلمنٹ اراضیوں سے متعلق مسائل پر بھی غور کیا گیا اور ان کے حل کے لیے اقدامات تجویز کیے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے محکمہ لائیواسٹاک اور جنگلات کی اراضی کی الاٹمنٹ سمیت تمام تفصیلات سے آگاہ کیے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے ہدایت کی کہ دونوں محکمے کی اراضی کی مکمل اور تازہ تفصیلات جلد از جلد پیش کریں تاکہ انڈر سیٹلمنٹ اور سیٹلمنٹ اراضیوں کے مسائل حل کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ جنگلات اور لائیو اسٹاک کی اراضی کے فوری تصفیے اور انتقال کا عمل شروع کیا جائے تاکہ واضح ہو سکے کہ کوئٹہ ڈویژن میں ان محکموں میں کتنی اراضی الاٹ ہو چکی ہے یا قابضین کے زیر استعمال ہے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت صفاء کوئٹہ پراجیکٹ کے مالیاتی امور، شہر میں صفائی کی صورتحال اور یونین کونسلز کی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، چیف میٹروپولیٹن کارپوریشن عطاء اللہ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویشن کلیم اللہ کے علاوہ صفاء کوئٹہ، محکمہ خزانہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کمشنر کوئٹہ نے ہدایت دی کہ شہر میں صفائی کی صورتحال مزید بہتر بنانے کے لیے تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے، مشینری کو مکمل فعال رکھا جائے اور لینڈ فل مینجمنٹ کے مسائل فوری حل کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئی یونین کونسلز میں روزانہ پیدا ہونے والے کچرے کی مقدار کا تعین کرنے کے لیے تحقیقی عمل شروع کیا جائے تاکہ اس کے مطابق خصوصی اقدامات کیے جا سکیں۔

## ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کوہلو اور جوڈیشل مجسٹریٹ کوہلو معطل

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق معزز چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان نے محمد انور محمد شہی، (ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، کوہلو) اور محمد کبیر کاکڑ، (جوڈیشل مجسٹریٹ، کوہلو)، کو فوری طور پر اگلے احکامات تک معطل کرنے کا حکم دیا ہے۔

## اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ کے اشتراک سے کوئٹہ میں ورکشاپ کا آغاز

### ورکشاپ کا مقصد ڈیٹا پر مبنی منصوبہ بندی اور فیصلوں کی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے

کوئٹہ (خ ن) پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس اور اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ (UNFPA) کے اشتراک سے ڈیٹا کی تشریح اور استعمال کے عنوان سے دو روزہ ورکشاپ کا آغاز سرینا ہوٹل، کوئٹہ میں ہوا۔ اس ورکشاپ کا مقصد پی بی ایس کے ڈیٹا بینک کے مؤثر استعمال کو فروغ دے کر ڈیٹا پر مبنی منصوبہ بندی اور فیصلوں کی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے۔ افتتاحی اجلاس کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا۔ اس موقع پر محترمہ سعدیہ عطا صوبائی کوآرڈینیٹر UNFPA، امید علی کھوکھر سیکرٹری اربن پلاننگ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

و ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ظفر علی بلیدی سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، پی بی ایس کی سینئر مینجمنٹ، اور مختلف محکموں کے افسران بشمول پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ، بیورو آف سٹیٹسٹکس، تعلیم، صحت، شہری منصوبہ بندی، پی ڈی ایم اے اور محققین نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں تعلیم، صحت، معیارِ زندگی، واٹر اینڈ سینیٹیشن، قیمتوں کے اعداد و شمار، معاشی اعداد و شمار اور لیبر فورس جیسے مختلف شعبوں پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی۔ اس اجلاس نے مختلف محکموں کے مابین ڈیٹا کے مؤثر استعمال اور شواہد پر مبنی پالیسی سازی کے فروغ کے عزم کو واضح کیا۔ پی بی ایس کے رکن محمد سرور گوندل (ستارہ امتیاز) نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد، پی بی ایس کی سرگرمیوں اور ڈیٹا سیٹس کی وسعت پر جامع پریزنٹیشن دی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 AUG 2025

Page No.

## لیکچرر کی جبری گمشدگی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، نیشنل پارٹی

**سریاب روڈ سے لائبریری انچارج سمیت دیگر کو بھی ماورائے قانون گرفتار کیا گیا، ترجمان**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے بیان میں بیوٹمز کے لیکچرر ڈاکٹر عثمان قاضی اور ان کے بھائی کی ماورائے آئین و قانون گرفتاری اور جبری گمشدگی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام بنیادی انسانی حقوق، آئین اور قانون کی مکمل خلاف ورزی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سریاب روڈ سے لائبریری انچارج سمیت دیگر کو بھی ماورائے قانون گرفتار کیا گیا اور ان کو لاپتہ کر دیا گیا۔ بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کا سلسلہ ایک سنگین انسانی المیہ بن چکا ہے، جو عوام میں عدم تحفظ اور ریاستی اداروں پر بداعتمادی کو بڑھا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ڈاکٹر عثمان قاضی و دیگر کو بازیاب کر کے عدالت کے سامنے پیش کیا جائے، اور ان کے خلاف اگر کوئی الزام ہے تو آئینی و قانونی تقاضوں کے مطابق کارروائی کی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## صوبائی حکومت بلوچستان بھر میں اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کرائے، ہدایت الرحمان

**نوجوان کھلاڑی وقت کا بہتر استعمال کر کے ملک وقوم کو ترقی دلا سکتے ہیں**

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان اور ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت فوری طور پر ضلع پشین سمیت پورے بلوچستان میں کھیلوں کے میدان اور اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کرے، کھلاڑیوں کو ترجیحی مواقع اور مالی معاونت فراہم کرے، اور کھیلوں کے فروغ کے لیے صوبائی سطح پر مستقل منصوبہ بندی کی جائے، تاکہ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کر سکیں، بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

بلوچستان کا نام روشن ہو اور منشیات، بے راہ روی اور بے مقصدیت کا تدارک ممکن بنایا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے پشین میں گگ باکسنگ مقابلوں کے فائنل میچ میں بطور مہمان خصوصی کھلاڑیوں اور نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں ہزاروں کھلاڑیوں، نوجوانوں اور عوام کے ساتھ جماعت اسلامی کے رہنما بھی شریک تھے، جبکہ کامیاب ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bulet No.

Dated: 16 AUG 2025 Page No.

# بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فائرنگ 5 افراد قتل

## کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب میں ایک شخص قتل، نصیر آباد کے علاقے میں مسلح قبائلی تصادم، 2 افراد جاں بحق

### نصیر آباد کے علاقے خلیجی میں 50 سالہ محمد اسلام جان سے گیا، مستونگ میں نامعلوم افراد شکیل نامی شخص کو قتل کر کے فرار

کوئٹہ (انتخاب نیوز + ایجنسیز) کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کردی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔ پولیس کے مطابق منجھو شوری پولیس تھانہ کی حدود قیدی شاخ گوٹھ ولی محمد میں زہری اور جنگ قبائل کے درمیان مسلح تصادم فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد انور زہری اور محمد عالم جنگ ہلاک ہوگئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی پولیس نے حالات پر قابو پا کر مرنے والوں کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دیں جہاں ضروری

بقیہ نمبر1 صفحہ 5 پر

کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کردی۔ پولیس کے مطابق فلیجی پولیس تھانہ کی حدود کھیا میں مسلح افراد کی فائرنگ پچاس سالہ محمد اسلام دیرکھانی موقع پر ہلاک ہوگیا واقع کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارواء کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی پولیس نے ورثاء کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا۔ گزشتہ شب فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب مستونگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے شکیل نامی شخص کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

## خضدار، مشترکہ کارروائی، 2 ملزم گرفتار، اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے حکم پر ڈی ایس پی سٹی محمد زمان پندرانی کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او صدر محمد یوسف چانڈیو سی آئی اے ٹیم بھاول خان پندرانی اے ایس آئی ابراہیم شیخ اعجاز اور وسیم

بقیہ نمبر16 صفحہ 5 پر

کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیاب کارروائی جاری دوران سنیپ چیکنگ صدر ایریا سے ملزم عبدالباسط کو گرفتار کر کے پسٹل اور موٹر سائیکل ہنڈا 125 ماڈل 2025 برآمد کر کے مقدمہ نمبر 47/25 بجرم 15D درج کر کے کاروائی شروع کردی جبکہ دوسری کاروائی میں ملزم علی انور کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے بھی پسٹل برآمد کر کے مقدمہ نمبر 48/25 بجرم 15D درج کر کے کاروائی شروع کردی۔

Century Express Quetta

# شہدائے کربلا کے چہلم پر دو جلوس برآمد

## جلوس کے راستے مکمل سیل، 5 ہزار 200 اہلکار تعینات کئے گئے تھے

### فوج الرٹ رہی، شہر کے چار تھانوں کی حدود میں موبائل سروس بند رہی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شہدائے کربلا کے چہلم پر دو جلوس برآمد، مرکزی ماتمی جلوس امام بارگاہ حسینی مومن آباد علمدار روڈ سے برآمد ہوا جو روایتی راستوں سے ہوتا ہوا بہشت زینب جبکہ ہزارہ ٹاؤن میں برآمد ہونے والا جلوس قبرستان میں اختتام پذیر ہوا، جلوسوں کے 28 داخلی راستوں کو ایک روز قبل ہی قناتیں اور ٹرک کھڑے کر کے جبکہ دکانوں، مارکیٹوں، پلازوں اور

(باقی صفحہ 5 نمبر 8)

عمارتوں کو سیل کردیا گیا تھا پانچ ہزار پولیس ایف سی اور لیویز کے دو ہزار اہلکار تعینات کئے گئے تھے، جبکہ چار تھانوں کی حدود میں موبائل فون سروس بند اور موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی رہی۔ تفصیلات کے مطابق شہدائے کربلا کے چہلم کے سلسلے میں دو شبیہ ذوالجناح و علموں اور تعزیوں کے جلوس برآمد ہوئے 22 دستوں پر مشتمل مرکزی ماتمی جلوس بلوچستان شیعہ کانفرنس کے عاشق حسین ہزارہ کی قیادت میں امام بارگاہ ہزارہ نیچاری علمدار روڈ سے برآمد ہوگا جو روایتی راستوں علمدار روڈ تاج محمد خان روڈ، سردار اسحاق خان روڈ، یزدان خان روڈ سے علمدار روڈ سے ہوتا ہوا بہشت زینب قبرستان پہنچا جہاں اعزاروں نے فاتحہ خوانی کی جبکہ علما اور مقررین نے عزاداروں سے خطاب کرتے ہوئے شہدا کربلا پر روشنی ڈالی۔ جلوس شام کو اختتام پذیر اختتام پذیر ہوا۔ جبکہ دوسرا جلوس ہزارہ ٹاؤن امام بارگاہ زمان مج ہزاروہ ٹا؟ن سے بلوچستان شیعہ کانفرنس سینئر نائب صدر کاظم علی کی قیادت میں برآمد ہوا جو روائتی راستوں سے ہوتا ہوا ہزارہ قبرستان پر اختتام پذیر ہوگا۔ جلوس کی نگرانی کیلئے چھتوں اور داخلی راستوں سمیت شہر بھر میں پولیس کے ساڑھے تین ہزار اہلکار جبکہ ایف سی کے دو ہزاز اہلکار جبکہ پہاڑوں پر ایف سی لیویز اہلکار تعینات کئے گئے تھے جلوس کی فضائی نگرانی بھی کی جاتی رہی کسی بھی ممکنہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے پاک فوج کو الرٹ رکھا گیا تھا شہدائے کربلا کے چہلم کے موقع پر چار تھانوں قائد آباد، گوالمنڈی، سٹی اور بروری کی حدود میں موبائل فون سروس صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک بند رہی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.

Dated: 16 AUG 2025

Page No.

# بلوچستان: اعتماد کا بحران

انسانی حقوق کی بالادستی کے بغیر نہ تو غربت ختم ہوسکتی ہے، نہ ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی ریاست پر آئین کی بالادستی قائم ہوسکتی ہے اور نہ ہی جمہوری ادارے تقویت پاسکتے ہیں۔ انسانی حقوق کمیشن (ایچ آر سی پی) 1987 میں قائم ہوا، انصاف اور عدل کی بالادستی کے موقف پر ساری زندگی یقین رکھنے والے سپریم کورٹ کے سابق جج جسٹس دراب پٹیل، انسانی حقوق کی وکیل عاصمہ جہانگیر، عوامی حقوق کے علمبردار اور وزارت خزانہ کے عہدے پر پہنچنے والے ڈاکٹر مبشر حسن، آزادی صحافت کی جدوجہد کرنے والے اور انسانی حقوق کے لیے ساری زندگی وقف کرنے والے صحافی آئی اے رحمان اور حسین نقی، ترقی پسند استاد ڈاکٹر مہدی حسن کمیشن کے بانیان میں شامل تھے۔ ایچ آر سی پی کے اکابرین نے کمیشن کے قیام کے ساتھ یہ فیصلہ کیا تھا کہ کسی مسئلے پر مکمل حقائق جمع کرنے کے بعد اپنی رپورٹ تیار کرے گا۔ یہی وجہ ہے کہ ایچ آر سی پی نے اپنے قیام کے بعد ملک بھر میں انسانی حقوق کی صورت حال کے بارے میں حقائق جمع کرنے کے لیے فیکٹ فائنڈنگ مشن بھیجے۔ ایچ آر سی پی اب بھی اہم موقع پر اپنے مشنز متاثرہ علاقوں میں بھیجتی ہے، ان مشنز کے اراکین جمع کردہ حقائق اور مشاہدات پر مبنی رپورٹ تیار کرتے ہیں، ایچ آر سی پی کی پالیسی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے خیالات ان رپورٹوں میں شامل ہوں۔ ایچ آر سی پی نے اپنے موجودہ چیئرپرسن اسد اقبال بٹ کی قیادت میں ایک فیکٹ فائنڈنگ مشن بلوچستان بھیجا۔ یہ رپورٹ ایچ آر سی پی کے ایک فیکٹ فائنڈنگ مشن کی بنیاد پر مرتب کی گئی، جو 9 سے 12 جولائی 2025 کے درمیان بلوچستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے انسانی حقوق کی صورت حال، شہری آزادیوں اور مسلح کارروائیوں کے اثرات کا جائزہ لینے کے لیے ترتیب دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ریاستی رویے، بالخصوص جبری گمشدگیاں، سیاسی بے دخلی، شہری دائرہ کار کی سکڑتی ہوئی حدود اور صوبائی خودمختاری کی مسلسل پامالی، بلوچستان میں سیاسی عدم استحکام کو بڑھا رہے ہیں۔ بلوچستان، ایک ایسا خطہ جسے وسائل کی فراوانی تو ملی، مگر ریاستی انصاف کا سایہ نہ مل سکا۔ انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان (HRCP) کی حالیہ رپورٹ "بلوچستان میں اعتماد کا بحران" نہ صرف اس محرومی کی گواہ ہے، بلکہ یہ اس جبر، سیاسی استحصال اور مسلسل پھیلتے ہوئے انسانی المیے کی دستاویز ہے، جس نے بلوچ معاشرے کو بے یقینی، خوف اور بے بسی کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ رپورٹ میں سب سے زیادہ توجہ



ڈاکٹر توصیف احمد خان

tauceeph@gmail.com

جس سنگین مسئلے پر دی گئی ہے، وہ ہے جبری گمشدگیوں کا تسلسل۔ ایچ آر سی پی کا کہنا ہے کہ یہ ایک ایسا عمل ہے جو بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین کے مطابق انسانیت کے خلاف جرم کے زمرے میں آتا ہے، مگر پاکستان میں اسے معمول بنانے کی کوشش ہورہی ہے۔ بلوچستان پولیس کے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق صرف 2025 میں جبری گمشدگیوں کے 46 نئے کیسز رجسٹر ہوئے جب کہ مجموعی طور پر 356 افراد کی گمشدگی رپورٹ ہوئی، جن میں سے 116 کو بازیاب کرلیا گیا، 12 افراد پولیس مقابلوں میں مارے گئے اور 192 کیسز تاحال حل طلب ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ وہ سرکاری اعداد و شمار ہیں جو اکثر اوقات زمینی حقیقت سے بہت کم ہوتے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ کئی متاثرہ خاندانوں کو نہ صرف انصاف سے محروم رکھا گیا بلکہ انھیں ہراساں بھی کیا گیا۔ کچھ کو پیشہ ورانہ اسناد سے محروم کردیا گیا تو بعض کو نگرانی، حراست یا دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ایچ آر سی پی کی رپورٹ کے مطابق، بلوچستان کے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے تسلیم کیا کہ جبری گمشدگی ایک مسئلہ ہے، لیکن اسے پیچیدہ اور متنازع قرار دے کر ریاستی جبر کو ایک متبادل سچائی کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی۔ انھوں نے بلوچ مزاحمتی تنظیموں جیسے بلوچ لبریشن آرمی پر اغواء کا الزام لگایا مگر رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ ان الزامات کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی۔ گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل کا بیان کہ جب بغاوتیں ہوتی ہیں تو گمشدگیاں بھی ہوتی ہیں، اس ریاستی سوچ کی عکاسی کرتا ہے جو جبری گمشدگی کو ایک انسانی المیے کے بجائے جنگی حکمتِ عملی کے طور پر دیکھتی ہے۔ ایچ آر سی پی نے انسدادِ دہشت گردی (بلوچستان ترمیمی) ایکٹ 2025 کو بھی کڑی تنقید کا نشانہ بنایا، جس کے تحت افراد کو بغیر کسی عدالتی نگرانی کے 90 دن تک حراست میں رکھا جاسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ قانون تشدد، بدسلوکی اور ماورائے عدالت کارروائیوں کے امکانات میں اضافہ کرتا ہے اور انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کی راہ ہموار کرتا ہے۔ HRCP نے اس قانون کو واپس لینے اور تمام انسدادِ دہشت گردی قوانین کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح سپریم کورٹ کے معروف فیصلے محبت شاہ کیس (2013) میں دی گئی ہدایات پر عمل نہ کرنا بھی ریاستی اداروں کی عدالتی فیصلوں سے انکار اور احتساب سے فرار کو ظاہر کرتا ہے۔ بلوچستان میں انتخابی عمل کو بھی رپورٹ میں سخت تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ HRCP کا کہنا ہے کہ قوم پرست جماعتوں کو دیوار سے لگانا، انتخابات میں دھاندلی، اور ریاستی مشینری کا سیاسی مقاصد کے لیے استعمال عوام کے جمہوری نظام سے اعتماد اٹھانے کا سبب بن رہا ہے۔ رپورٹ میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ انتخابات میں شفافیت، غیر جانبداری اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے۔ ایچ آر سی پی نے اس رپورٹ میں تمام سیاسی رہنماؤں کی رہائی پر زور دیا اور اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ اپنے حقوق کی آواز بلند کرنے والوں کو دہشت گردی کے مقدمات میں ملوث کیا جارہا ہے۔ بلوچستان کی شکایات صرف گمشدگیوں یا سیاسی بے دخلی تک محدود نہیں۔ HRCP نے اٹھارویں ترمیم کے تحت دی گئی صوبائی خودمختاری کی پامالی، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور معدنیات سے متعلق متنازعہ منصوبوں کو بھی عوامی ناراضی کی وجوہات میں شامل کیا ہے۔ رپورٹ کا اختتام اس انتباہ پر ہوتا ہے کہ اگر ریاست نے بلوچستان کے عوام کی شکایات کا شفاف، حقوق پر مبنی اور سیاسی حل تلاش نہ کیا تو یہ شورش مزید شدت اختیار کرسکتی ہے۔ ریاستی سیکیورٹی پالیسیوں کو قومی اتحاد کے تحفظ کے بجائے مزید تقسیم کا باعث نہ بننے دیا جائے۔ ایچ آر سی پی نے مطالبہ کیا کہ جبری گمشدگیوں کو فی الفور ختم کیا جائے، 2022 میں پاس ہونے والی قانون سازی پر عمل کیا جائے، ناکام کمیشن آف انکوائری آن انفورسڈ ڈس اپیرنس کو تحلیل کر کے موثر نیا کمیشن قائم کیا جائے، انسدادِ دہشتگردی کے قوانین کو انسانی حقوق کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے، انسانی حقوق کے محافظین کو تحفظ اور آزادی دی جائے۔ 2000 میں منظور ہونے والے قانون پر عمل کیا جائے۔ بلوچستان میں حالات اتنے خراب ہیں کہ گزشتہ ایک ہفتے سے بلوچستان کے عوام انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہیں اور بلوچستان آنے جانے والی ٹریفک کو ہمیشہ دہشت گردوں کے حملے کا خوف رہتا ہے۔ اس صورت حال میں اسلام آباد کی حکومت اس رپورٹ پر سنجیدگی سے غور کرے تو حالات بہتر ہوسکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 AUG 2025

Page No.


## آزادی کا دن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آزادی کا دن ہمارے اسلاف کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس سال یہ دن اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے کہ ہم نے ایک ایسے دشمن کو شکست دی جو نہ صرف طاقت میں سات گنا بڑا تھا بلکہ تکبر اور غرور میں ڈوبا ہوا تھا ہماری بہادر افواج نے جس جواں مردی اور عزم کے ساتھ اس دشمن کے دانت کھٹے کیے وہ پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے اہلیانِ بلوچستان کی جانب سے افواجِ پاکستان، بالخصوص فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے قیادت، بصیرت اور اتحاد کا شاندار مظاہرہ کیا 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنگ میں حاصل ہونے والی فتح مبین پوری پاکستانی قوم کے اتحاد کی علامت ہے ماضی گواہ ہے ملک پر جب جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے جنگ میں حاصل ہونے والی فتح مبین پوری پاکستانی

قوم کے اتحاد کی علامت ہے ماضی گواہ ہے ملک پر جب جب بھی مشکل وقت آیا بلوچستان کے لوگ ڈٹ کر کھڑے رہے اور ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے اور آئندہ بھی ہر وقت وطن عزیز کے ساتھ کھڑے رہیں گے انہوں نے کہا کہ گوادر سے ژوب اور پور ... بلوچستان کے عوام نے جشن آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا اور یہ اس زندہ قوم کی پہچان ہے جو اپنے قومی تہوار کو ولولے کے ساتھ مناتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، خواہ بلوچ ہوں، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کے امین ہیں گوادر سے ژوب اور پورے بلوچستان کے عوام نے جشنِ آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا اور یہ اس زندہ قوم کی پہچان ہے جو اپنے قومی تہوار کو ولولے کے ساتھ مناتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، خواہ بلوچ ہوں، پشتون، ہزارہ یا دیگر اقوام، اپنی روایات اور اقدار کے امین ہیں لیکن ایک مٹھی بھر دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ بلوچ روایات کی بھی پامالی کر رہا ہے معصوم عورتوں، بچوں اور مسافروں کو نشانہ بنانا ہمارے معاشرتی اور قبائلی اصولوں کے سراسر خلاف ہے وزیراعلیٰ نے اس طرزِ عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کو بلوچستان کے عوام نے پہلے بھی مسترد کیا اور آئندہ بھی ان کے خلاف متحد رہیں گے انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد معصوم شہریوں، مزدوروں کو قتل کرتے ہیں ایک عورت کے سامنے اس کے شوہر اور جوان بیٹے کو چھلنی کیا جاتا ہے اور پھر تاثر دیا جاتا ہے کہ خواتین اور بچوں کو چھوڑ دیا گیا یہ کیسا چھوڑنا ہوا اور خاتون کی کیسی تکریم ہوئی جس میں اس کے سامنے اس کے سہاگ اور جوان بیٹے کو بے دردی سے قتل کر دیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی آنکھوں سے آنکھ ملا کر ان کی مذمت کرنا ضروری ہے دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پارلیمنٹ کو لیڈ لینی ہے اور پارلیمنٹ کے ساتھ علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر کو قیادت کا کردار ادا کرنا ہوگا وزیراعلیٰ نے یقین ظاہر کیا کہ بلوچستان سے دہشت گردی اور بدامنی کا خاتمہ قریب ہیشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پارلیمنٹ کو لیڈ لینی ہے اور پارلیمنٹ پارلیمنٹ کے ساتھ علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر کو قیادت کا کردار ادا کرنا ہوگا وزیراعلیٰ نے یقین ظاہر کیا کہ بلوچستان سے دہشت گردی اور بدامنی کا خاتمہ قریب ہے اور ہماری بہادر فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں سے امن کا سورج جلد طلوع ہوگا بلوچستان سے دہشت گردی اور بدامنی کا خاتمہ قریب ہے اور ہماری بہادر فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں سے امن کا سورج جلد طلوع ہوگا ہم نے ماضی میں بھی ایسے حالات دیکھے ہیں اور امن کی جانب بھی لوٹتے دیکھا اب بھی ہمیں پختہ یقین ہے کہ عوام، سیکورٹی فورسز مل کر دہشت گردی کے ناسور پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہو جائیں گے اور بلوچستان ماضی کے مثالی امن کی طرف لوٹے گا تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ نے اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی، ان کی ٹیم اور منتظمین کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی انہوں نے تقریب میں پرفارم کرنے والے اسکول کے بچوں کے لیے پانچ لاکھ روپے نقد انعام کا اعلان بھی کیا وزیراعلیٰ نے اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، علمائے کرام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقات کی اور انہیں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔ وہ تقریب میں شریک بچوں کے ساتھ گھل مل گئے اور بچوں نے ان کے ساتھ یادگار تصاویر بھی بنوائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 16 AUG 2025

Bullet No. No.


## بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر کوئٹہ شہر مختلف مسائل سے دوچار

گذشتہ روز ایکنگ کا ویڈیو لنک اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے واضح کیا کہ کوئٹہ شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر مختلف مسائل میں سے ایک اہم مسئلہ قلت آب کا بھی ہے۔انہوں نے اجلاس میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور دیگر شرکاء کو اس اہم مسئلے کی سنگینی اور اس حوالے سے بلوچستان واٹر سیکیورٹی اینڈ پروڈکٹیویٹی ایمپروومنٹ پروجیکٹ کے تحت کوئٹہ شہر کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے مجوزہ منصوبے کی اہمیت وافادیت کے بارے تفصیلات بتائیں۔انہوں نے اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ شہر کی آبادی 31 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے جہاں قلت آب کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کرتا جارہا ہے۔کوئٹہ میں مجموعی طور پر پانی کی طلب فی فرد 20 گیلن کے حساب سے پوری آبادی کے لیے 62 ملین گیلن یومیہ بنتا ہے جبکہ واسا شہر کے تقریباً 60 فیصد حصے کو پانی فراہم کررہا ہے جو بمشکل 30 ملین گیلن کا حساب فی دن ہے۔کوئٹہ کے شہری اپنی ضروریات پرائیویٹ ٹیوب ویلز ودیگر ذرائع سے پوری کررہے ہیں۔کوئٹہ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت ماسٹر پلان پرسٹڈی کی گئی۔اس منصوبے کی منظوری سے کوئٹہ شہر کو مزید 20 ملین گیلن پانی کی فراہمی سے کوئٹہ کے شہریوں کا ایک اہم مسئلہ حل ہوجائے گا۔

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے اور دارالحکومت ہونے کے باعث صوبے کے دیگر علاقوں سے بھی لوگوں کی ایک بڑی تعداد کا آنا جانا رہتا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس شہر سے 9 اراکین صوبائی اسمبلی اور 3 اراکین قومی اسمبلی منتخب ہوکر آئے ہیں جو شہر پر کوئی خاص توجہ نہیں دے پارہے جس کے باعث شہر جہاں دیگر مسائل سے دوچار ہے وہاں اس میں قلت آب کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کرتا جارہا ہے جو کہ باعث تشویش ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ کوئٹہ شہر میں قلت آب کے مسئلے کے حل کے لیے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی ایکنگ اجلاس میں بریفنگ اور اس مسئلے کے حل کے لیے مجوزہ منصوبے سے متعلق آگاہ کرنا قابل تعریف اقدام ہے۔یہ اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ صوبائی وزیر صادق عمرانی پانی کے سنگین قلت کے مسئلے کو حل کرنے کے خواہاں اور اس ضمن میں اقدامات کررہے ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سلسلے میں تمام متعلقہ اداروں کو اپنے فرائض احسن طریقے سے ادا کرنے چاہئیں تاکہ پانی کا اہم مسئلہ حل ہوسکے کیونکہ یہ بہت ہی سنگین مسئلہ ہے جس کے باعث عوام کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔

CamScanner